سوسائٹی کے صدر/سکریٹری کی فوٹو چسپاں کی جائے۔

فون نمبر: 0522-2720683
www.upurduakademi.org.

# اتر پردیش اردو اکادمی

(وبھوتی کھنڈ، گومتی نگر، لکھنؤ)

## اردو کوچنگ سینٹر قائم کرنے کے لئے درخواست فارم

نوٹ: فارم بھرنے سے قبل منسلکہ قواعد غور سے پڑھ لیں۔ نامکمل و ادھورے فارم قبول نہیں کئے جائیں گے۔

۱- کوچنگ سینٹر کا نام.....................................................................

۲- مکمل پتہ:.....................................................................

۳- اسٹیشن/بس اسٹیشن سے کوچنگ سینٹر کی دوری اور پہنچنے کا ذریعہ.....................................................................

۴- متعلقہ سوسائٹی کا نام اور پتہ.....................................................................

۵- سوسائٹی کا رجسٹریشن نمبر و تاریخ (مصدقہ نقل منسلک کی جائے).....................................................................

۶- رجسٹریشن ختم ہونے کی تاریخ.....................................................................

۷- کوچنگ سینٹر کا کمرہ نجی/کرایہ پر/مستعار ہے.....................................................................

۸- کمرہ کی (ناپ) لمبائی اور چوڑائی کیا ہے؟.....................................................................

۹- کوچنگ سینٹر کھولنے کے لئے متعلقہ سوسائٹی اپنی طرف سے کیا-کیا انتظامات کرے گی؟ اس کی تفصیل.....................................................................

.....................................................................

۱۰- کوچنگ سینٹر کھلنے اور بند ہونے کے اوقات سرکاری تعطیل کے علاوہ ہفتہ وار بند ہونے کا دن.....................................................................

۱۱- کوچنگ سینٹر کے سلسلے میں جمع کی گئی رقم اور رسید نمبر و تاریخ (رسید کی فوٹو کاپی بھی منسلک کی جائے).....................................................................

۱۲- یونک آئی-ڈی نمبر (Unique I.D. No.).....................................................................

۱۳- سوسائٹی کا ای-میل ایڈریس.....................................................................

۱۴- سوسائٹی کا کھاتہ کس بینک میں ہے؟.....................................................................

(الف) کھاتہ نمبر.................................. (ب) برانچ کوڈ نمبر..................................

## اقرار نامہ

میں نے اردو کوچنگ سینٹر سے متعلق منسلکہ قواعد و ضوابط کا بغور مطالعہ کر لیا ہے جو کہ مجھے اور میری سوسائٹی کو منظور ہیں۔ درخواست کے اندراجات میں کسی قسم کی غلط بیانی یا کوچنگ سینٹر کی کارکردگی اطمینان بخش نہ پائے جانے پر اکادمی سے وصول شدہ جملہ رقم و دیگر سامان وغیرہ واپس کروں گا۔ اس سلسلے میں اتر پردیش اردو اکادمی کو کوچنگ سینٹر بند کر کے میرے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا حق حاصل ہوگا اور اکادمی کا فیصلہ قطعی و حتمی ہوگا۔

دستخط

سوسائٹی کے صدر/سکریٹری کا نام..................................

موبائل نمبر/فون نمبر..................................

تاریخ:..................................

مہر

## تصدیق نامہ

تصدیق کی جاتی ہے کہ (سوسائٹی کا نام و پتہ) ..............................................................

اپنے علاقہ میں ملی، سماجی و تعلیمی کاموں میں سرگرم عمل ہے۔ یہ سوسائٹی بہت فعال ہے اور جس علاقہ کے لئے اردو کوچنگ سینٹر کھولنے کے لئے درخواست کر رہی ہے، اس علاقہ میں ایک بڑی تعداد اردو پڑھنے کی خواہش رکھتی ہے۔

دستخط

تصدیق کرنے والے کا نام..............................

عہدہ..............................

تاریخ:..............................

مہر

فارم کی تصدیق درج ذیل حضرات سے کرائی جا سکتی ہے:-

ا۔ضلع انسپکٹر آف اسکول رضلع بیسک شکچھا ادھیکاری رانسپکٹر، عربی مدارس، الہ آباد رڈپٹی انسپکٹر آف اسکول، بی-ڈی-او، تحصیلدار رڈگری کالج یا انٹر کالج کے پرنسپل ریونیورسٹی کے صدور شعبہ، اردو رعلاقہ کے چیرمین میونسپل بورڈ رٹاؤن ایریا رنوٹی فائڈ ایریا رممبر یا گرام پردھان رضلع کا کوئی گزیٹیڈ افسر رایم-پی رایم-ایل-اے رایم-ایل-سی راردو اکادمی کا موجودہ رسابق ممبر رنائب تحصیلدار رڈسٹرکٹ مجسٹریٹ رسپرنٹنڈنٹ تعلیمات رمیونسپل بورڈ وغیرہ۔

## اتر پردیش اردو اکادمی

### قواعد وضوابط برائے اردو کوچنگ اسکول

اتر پردیش اردو اکادمی کی اردو کوچنگ سینٹر اسکیم اردو کی تعلیم کے فروغ کے لئے ہے۔ یہ اسکول اتر پردیش کے ایسے اضلاع اور قصبات میں کھولے جائیں گے جہاں اردو کی تعلیم حاصل کرنے والے شائقین موجود ہیں۔ کسی بھی جگہ سینٹر کھولنے کے لئے درج ذیل شرائط ہوں گی:-

۱-سوسائٹی کم سے کم تین سال پرانی اور رجسٹرڈ ہو۔

۲-سوسائٹی/اسکول کے پاس اردو کوچنگ چلانے کے لئے معقول جگہ، بجلی اور پانی وغیرہ کا انتظام ہو۔

۳-سوسائٹی کے اکاؤنٹ کی تین سال کی رپورٹ درخواست کے ساتھ لگانی ہوگی۔

۴-سوسائٹی کے اغراض ومقاصد میں اردو تعلیم دیے جانے کی شق درج ہو۔

۵-درخواست اکادمی کے مقررہ فارم پر دینا ہوگی۔ مبلغ =/100 روپے کی نقد رقم دفتر اکادمی میں جمع کرکے فارم پر رسید نمبر اور تاریخ درج کرتے ہوئے اس کی فوٹو کاپی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہوگا۔ سادے کاغذ پر دی گئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی اور وہ رد کر دی جائے گی۔ جمع کی گئی یہ رقم کسی بھی صورت میں قطعی واپس نہیں کی جائے گی۔

۶-اردو کوچنگ سینٹر میں ایک اردو ٹیچر سوسائٹی کو رکھنا ہوگا جس کی تعلیمی لیاقت کم سے کم بی-اے (اردو مضمون کے ساتھ) ہوگی۔ استاد کی درخواست مع فوٹو تعلیمی اسناد کے اکادمی کو بھیجنا لازمی ہوگا۔ اگر ٹیچر کی مقررہ تنخواہ کی ادائیگی میں سوسائٹی کسی طرح کی کوئی تخفیف کرتی ہے تو اس کی اطلاع ٹیچر اکادمی کو ثبوت کے ساتھ پیش کرے۔ اکادمی اس پر غور کر کے متعلقہ سنٹر کو بند کرنے پر غور کر سکتی ہے۔

۷-اردو کوچنگ سینٹر کے سال میں دو سیشن ہوں گے جو یکم جنوری اور یکم جولائی سے شروع کیے جائیں گے۔ درمیان میں منظوری حاصل ہونے کی صورت میں بھی یہ سیشن جنوری تا جون اور جولائی تا دسمبر ہی چلائے جائیں گے۔ کوچنگ سینٹر چلانے کے لئے صرف ایک سال کی منظوری دی جائے گی۔ کارکردگی اطمینان بخش پائے جانے پر ہی مدت میں توسیع کی جا سکتی ہے۔

۸-ماہ جون اور دسمبر کے آخری ہفتہ میں اردو اکادمی کے ذریعہ امتحان لیا جائے گا اور امتحان میں پاس ہونے والے طالب علموں کو اکادمی سند دے گی۔ داخلہ پانے والے سبھی طلبا وطالبات کے داخلہ فارم فوٹو کے ساتھ اصلی کاپی (جس میں ولدیت، عمر اور مکمل پتے درج ہوں) دفتر اکادمی کو ایک ماہ کے اندر سوسائٹی کو بھیجنا ہوگا۔

۹-کوچنگ سینٹر میں پڑھایا جانے والا نصاب اردو اکادمی طے کرے گی۔ نیز کتابیں اور کاپیاں بغیر قیمت طالب علم کو اکادمی فراہم کرائے گی۔ کوچنگ سینٹر میں تعلیم بالکل مفت ہوگی اس کے لئے کسی بھی قسم کی کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔

۱۰-اردو کوچنگ سینٹر شام کو ۴ بجے سے ۵ بجے اور ۵ بجے شام سے ۶ بجے تک چلایا جائے گا تاکہ ملازمت پیشہ حضرات بھی اردو تعلیم حاصل کر سکیں اور ان حضرات کو داخلے میں ترجیح دی جائے گی۔

۲.......

۱۱-اردو اکادمی ٹیچر کی تنخواہ کے علاوہ متفرق اخراجات کے طور پر مبلغ =/1000 روپے ماہانہ سوسائٹی کو دے گی جس کے اخراجات کی تفصیل استعمال کا سرٹیفکٹ (.U.C) سیشن مکمل ہونے پر سوسائٹی کو دینا ہوگا۔

۱۲-اردو کوچنگ سینٹر کا معائنہ وقتاً فوقتاً اکادمی کے نمائندے یا اکادمی کے ممبران کریں گے۔ اگر معائنہ میں پایا گیا کہ سینٹر ٹھیک سے نہیں چلایا جا رہا ہے تو اکادمی سینٹر فوراً بند کرنے پر غور کر سکتی ہے۔

۱۳-صوبے کے بڑے اضلاع میں کم از کم تین اور چھوٹے اضلاع میں دو کوچنگ سینٹر ہی قائم کئے جائیں گے۔ ایک کوچنگ سینٹر سے دوسرے کوچنگ سینٹر کی دوری کم سے کم پانچ کلومیٹر لازمی طور پر ہوگی۔

۱۴-ایک سوسائٹی کو صرف اپنے ہی ہیڈ کوارٹر میں ایک کوچنگ سینٹر قائم کرنے کی منظوری دینے پر غور کیا جائے گا۔

۱۵-جس عمارت میں کوچنگ سینٹر قائم کیا جائے اس کی کسی نمایاں جگہ کم از کم 8 فٹ کی لمبائی اور 4 فٹ کی چوڑائی کا بورڈ لگایا جائے گا جس پر ''اتر پردیش اردو اکادمی اردو کوچنگ سینٹر'' اردو اور ہندی زبان میں لکھا جائے گا۔

۱۶-کوچنگ سینٹر کی جگہ اور استاد کی تبدیلی سے متعلق اطلاع ایک ماہ قبل اکادمی کو اطلاع کریں اور اپنے علاقے میں بھی اس کی مشتہری کریں۔

۱۷-امتحان کے لئے الگ سے قواعد وضوابط مرتب ہیں جس سے تمام سینٹرس کو بروقت مطلع کیا جائے گا۔

۱۸-اتر پردیش اردو اکادمی کو قواعد وضوابط میں ترمیم وتنسیخ اور رقم میں کمی یا زیادتی کرنے کا حق حاصل ہے۔ ہر کوچنگ سینٹر کو اس کا پابند ہونا پڑے گا۔

۱۹-کوچنگ سینٹر کی مدت ایک سال کی ہوگی جو کہ اطمینان بخش کارکردگی پر منحصر ہے۔ اکادمی اپنے ذرائع سے حاصل شدہ رپورٹ کی روشنی میں تجدید کی کارروائی کرے گی۔

۲۰-کسی بھی طرح کے تنازعہ کی صورت میں مقدمہ کی سماعت صرف لکھنؤ کی عدالت میں ہی ہوگی۔

درخواست دہندہ رضا کار تنظیم رغیر سرکاری تنظیم رمدرسوں کے لئے مندرجہ ذیل بنیادی چیزیں فراہم کرنا ضروری ہیں:-

۱-کوچنگ سینٹر کے کمرے میں بیک وقت ۲۵ طلبا کے بیٹھنے کی گنجائش ہو۔

۲-کم از کم ۵۰ طلبا کے لئے میز اور کرسیاں

۳-جز وقتی اردو معلم کے لئے ایک میز اور ایک کرسی

۴-سفید رسیاہ بورڈ

۵-وابستہ سہولیات کے ساتھ ایک آفس

۶-بجلی، ٹوائلیٹ، پانی اور دوسری سہولیات

۷-لڑکیوں کے لئے الگ ٹوائلیٹ کا انتظام

☆☆☆